سوال

شادیٰ کیٰ پہلیٰ رات میں بیویٰ حیض سے هونا

جواب

دخول سے پہلے ولیمہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اگر شادی کی پہلی رات بیوی حیض سے ہو اور اگلے دن ولیمہ کرنا ہو تو کیا کیا جائے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! ولیمے کے وقت کی تحدید کے بارے میں چونکہ کوئی نص صریح موجود نہیں ہے ، لهذا اس میں اہل علم کے متعدد اقوال پائے جاتے ہیں ۔ اگرچہ سب سے افضل یہی ہے کہ دخول (یعنی جماع) کے بعد کیا جائے لیکن اگر دخول سے پہلے کر لیا جائے تو بھی کفایت کر جائے گا ۔ امام دسوقی الشرح الکبیر پر اپنے حاشیے میں لکھتے ہیں : والمعتدان کونها بعد البناء مندوب ، فان فعلت قبل اجزات (2/337) صحیح تو یہی ہے کہ یہ بناء کے بعد ہو ، اگر اس سے پہلے کر لیا جائے تو بھی کافی ہو جائے گا ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی